قندِ ہند

بات کچھ دن کی ہے، موسم تو بدل جانے دے،
تیری آنکھوں کے لیے خواب نئے لاؤں گا

فیض الحسن خیال

لندن اردو کی ایک یادگار تصویر
دائیں سے بائیں مسز صلاح الدین ناصر، فیض الحسن خیال، سلیمان اریب
علی سردار جعفری، خواجہ احمد عباس، رئیس اختر اور علاء الدین نوید دیکھے جا سکتے ہیں۔

جناب فیض الحسن خیال غزل سناتے ہوئے داد تحسین حاصل کر رہے ہیں۔ حضرت سعید شہیدی،
ناصر نوید اور عزیز بھارتی دیکھے جا سکتے ہیں۔

سنہ شاعت:- پریل -۹۹۵

ب ر و ر:- یک ہزار

کتابت:- سلم خوشنویس / سدرہ یزر گر فکس، مہدی پٹنم، حیدر آباد، ے پی

قیمت:- دو سو روپے

ناشر:- دارہ تجدید دب اردو حیدر آباد

ملنے کا پتہ:-

ستوڈنٹس بک ہاؤز چار مینار، جسنی بلڈ پو چھٹی کمان، حیدر آباد

یا

بمکان مصنف:-

مکان نمبر- / ۱۰۰-۴-۱۰، موتی گلی، حیدر آباد ۰۰۰۰۔

فون نمبر: ۸۲۰۰ ۷۴

بیرون ملک: ۸ ڈالر جمع ڈاک خرچ

یا

۵ پونڈ جمع ڈاک خرچ

میں ممنون ہوں

میرے زیر نظر مجموعہ کدم "قند ہند" پر جن د نشور ورنہ تدین نے پنے مدبرنہ مضامین سے سرفراز فرمایہ ہے ن میں

- ع یجناب ڈ کٹر ر ج بہ در گوڑ
- ڈ کٹر مغنی تبسم، س بق صدر شعبہ ردو، ج معہ عثم نیہ
- پروفیسر یوسف سرمت، شعبہ ردو، ج معہ عثم نیہ
- ڈ کٹر رحمت یوسف زی، ریڈر شعبہ ردو، یونیورسٹی آف حیدر آب د
- ڈ کٹر محمد نور لدین، صدر شعبہ ردو، یونیورسٹی آف حیدر آب د
- محترمہ تبسم آر بیگم، یم ے ج معہ عثم نیہ

ور نگریزی مضامین کیلئے

- ع یجناب پروفیسر پی وی ش ستری
- ڈ کٹر صدیق نقوی ریڈر، شعبہ ت ریخ، ج معہ عثم نیہ
  (دکن کے یک ممت ز ش عر ور مورخ ہیں)

ہندی ور تلگو مضامین کے لئے

- ع یجناب پروفیسر موہن سنگھ صدر، شعبہ ہندی ج معہ عثم نیہ
- پروفیسر گوپی، صدر شعبہ تلگو ج معہ عثم نیہ

ش مل ہیں ورن تم م د نشور ورنہ تدین سے ظہ ر ممنونیت کے س تھ س تھ یہ بھی پن خوشگو ر فریضہ سمجھتا ہوں کہ ع یجناب نجم غزلی فری ...

(ب)

جرنسٹا سے بھی دلی اظہار ممنونیت کروں کہ انہوں میری خواہش پر پیش لفظ لکھنے کی زحمت فرمائی - اور اس حقیقت کا اظہار بھی یہاں بے محل نہ ہوگا کہ آج سے ۱۰ سال قبل عزیز مجیب انجم خزری ہی کی تحریک پر مجھے اس طرح کے مجموعے کی اشاعت کا خیال پیدا ہوا تھا -

اور آج الحمد للہ کہ مکمل ۱۰ برس کی جانفشانی اور مختلف کٹھن مراحل سے ثابت قدمی کے ساتھ گزرنے کے بعد یہ کام بحسن خوبی تکمیل پایا - اور آج میں اپنی پوری عاجزی اور انکساری کے ساتھ یہ کہنے کے موقف میں ہوں کہ الحمد للہ میں نے یہ کارنامہ کر دکھایا -

طالب دعا

فیض حسن خیال

میرے زیرِ نظر مجموعۂ کلام "قندِ ہند" کے تراجم کے سلسلے میں حسبِ ذیل کا تہِ دل سے ممنون ہوں، جن کی ادب دوستی، رواداری اور علمی صلاحیت کے سبب اس کام کی تکمیل ممکن ہو سکی۔

تلگو ترجمہ ـــــ جناب خواجہ معین الدین صاحب، لٹریری اسسٹنٹ

انگریزی ترجمہ ـــــ پروفیسر پی۔ وی۔ شاستری

ہندی ترجمہ ـــــ ہندی رسم الخط میں جناب عزیز احسن صاحب نے جو حیدرآباد کے شاعر ہیں اور جو عزیز بھارتی کے نام سے مشہور ہیں، منتقل کیا ہے۔ اور یہ بھی میں اپنا خوشگوار فریضہ سمجھتا ہوں کہ جناب سلام خوشنویس، جو شعر و ادب کا سنجیدہ ذوق رکھتے ہیں اور فنِ میں ہندوپاک کے ممتاز اساتذہ میں شمار کیے جاتے ہیں، نے میرے مجموعہ کلام کی خوشنویسی

جو غزل آپ کی
پسندِ خاطر ہو، اُسی کو
پہلی غزل
شمار کر لیجیے۔

خیال کی قوتِ اختراع

جناب فیض الحسن خیال — حیدرآباد کے ایک ممتاز شاعر ہیں۔ وہ نظم نگار بھی ہیں اور غزل گو بھی — ان کی فن کاری کے جوہر غزل میں زیادہ نمایاں ہوئے ہیں۔ غزل میں انھوں نے اس اسلوب کو اپنایا ہے، جسے فیض اور مجروح کے زیرِ اثر حیدرآباد میں شاہد صدیقی نے فروغ دیا تھا، جس میں کلاسیکی غزل کے استعاروں، عصرِ حاضر کے سیاسی، سماجی مسائل کی ترجمانی کا کام لیا جاتا ہے۔ فیض الحسن خیال نے اپنی قوتِ اختراع سے ان استعاروں کو نئے تلازمے بخشے ہیں۔ انھوں نے اپنی شاعری میں انسان دوستی کے جذبات کو موثر انداز میں پیش کیا ہے۔ نعت گوئی اور منقبت نگاری میں انھوں نے اپنا ایک خاص رنگ اختراع کیا ہے۔ رسمی مضامین سے گریز کرتے ہوئے انھوں نے ان اصناف کو اپنی قلبی واردات اور جذبات سے مملو کیا ہے جس کی وجہ سے ان میں خاص تاثیر پیدا ہوگئی ہے۔

خیال صاحب کے اس مجموعۂ کلام کی خصوصیت یہ ہے کہ اصل اردو متن کے ساتھ انگریزی، ہندی اور تلگو تراجم بھی شامل ہیں۔ شاید یہ پہلا موقع ہے کہ کسی شاعر کا کلام بیک وقت چار زبانوں میں یکجا شائع ہو رہا ہے۔

مجھے امید ہے کہ ادب دوست حلقوں میں "قندِ ہند" کی خاطر خواہ پذیرائی ہوگی۔

پروفیسر مغنی تبسم

۷/اپریل ۱۹۹۵ء حیدرآباد

تم نے میخ نے کے چہرے پہ بھی کھینچی ہے لکیر
ہم نے صحر بھی سج نے ک قسم کھ ئی ہے!

یہ شعر فیض حسن خی ل کے جذب تی مرکز ک طرف شارہ کرت ہے۔ نس نیت کے دشمنوں نے مے خ نہ کے چہرہ پر بھی "لکیر" کھینچ دی ہے۔ لیکن فیض لحسن خی ل کے حوصلے دیکھئے کہ س نے صحر کو بھی سج نے ک قسم کھ رکھی ہے۔ بس "صحر کو بھی سج نے" ک سی ہمّت نے خی ل کے شعر کو نی پن عط کی ہے۔

غزل یک بڑی جدّ ت قسم ک ور نتہ ئی مقبول صنفِ ش عری ہے۔ ج نے کتنے سیکڑوں برسوں سے کہی ج تی رہی ہے۔ شروع یر ن میں ہوئی لیکن ب س خطّہ ک ہر زب ن میں کہی ج نے لگی ہے۔ وہ زم نہ ختم ہو گی جب غزل محض معشوق سے ب ت کرنے، س ک بے لتف تی ک شکوہ کرنے ور رقیب کے خلاف جلے پھپھولے پھوڑنے کے لیے ہی کہی ج تی تھی۔ یک وہ زم نہ تھ جبکہ غزل ک تنگ د م نی ک شکیت ک ج تی تھی ور تحریکِ آزدی کے دَور میں ب لخصوص س سے پہلے نش ۃ لث نیہ کے دَور میں جب صلاحی ور نقلابی ش عری ک ضرورت ہوئی تو نظم کو بول ب ل تھ۔

ترقی پسندی کے دَور میں غزل کو نی موڑ دی گی، ب د ست نِ دل ہی نہیں، د ست نِ حی ت بلکہ جہدِ حی ت کے رموز بھی غزل میں بی ن ہونے لگے۔ غزل نے پن د من پھیل دی ور نس نیت کے س رے کرب ن کیوں ور آسودگیوں کو پنے ندر سمیٹ لی۔

بس یہی "نیا پن" ہے، جس نے غزل کو اور بھی مقبول بنا دیا، اس کی اپنی جمالیات تھی ہی، اب نئے موڑ نے اسے نئے ابعاد عطا کیے اور وہ اور بھی نکھر آئی۔

مرورِ زمانہ کے ساتھ ساتھ نئے حالات پیدا ہوتے ہیں، نئے دور کے نئے تقاضے ہوتے ہیں اور یہی وہ عوامل ہیں جو نئے الفاظ اور اسلوب ہی نہیں پیدا کرتے بلکہ پرانے الفاظ کو نیا مفہوم عطا کرتے ہیں، لفظ علامت بن جاتا ہے۔ اور علامت کے متعدد پہلو نکل آتے ہیں۔ یہ سب نئے پہلو اور نئے مطالب زندگی اور زندگی کی کشمکش کے آفریدہ ہوتے ہیں۔

یہ سوچ میں ہوں کہ کس نام سے پکاروں تجھے!
نظر میں پھول ہے، ہاتھوں میں تیرے پتھر ہے

یہ غزل کا ایک شعر ہے۔ قاری اپنے تجربے اور شاید اپنے وقتیہ موڈ کی بنا پر اس کا مطلب نکالے گا، یہ محض معشوق کے دوہرے کردار کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے، ایسا دوست بھی ہو سکتا ہے جس کے ہاتھ میں اب پتھر آ گیا ہے۔ یہ وہ شہر ہو سکتا ہے، حاکمِ وقت ہو سکتا ہے، جہاں مصلحت کچھ ہوتی ہے اور نیت کچھ کر دیتی ہے۔ پھول اگر مصلحت ہے تو پتھر نیت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

یہ نئی منظر نگاری کی دین ہے اور فیض الحسن خیال نے اس پر توجہ خاص کی ہے۔

"قندِ ہند" فیض الحسن خیال کا چوتھا شعری مجموعہ ہے۔ لگتا ہے خیال اپنے ہر مجموعہ کے لیے ایک (۷) سالہ پلان رکھتے ہیں۔ ۱۹۵۸ء میں پہلا مجموعہ "موجِ صبا" شائع کیا تھا۔ ۱۹۶۵ء میں "صبح کا سورج" شائع ہوا۔ ۱۹۷۲ء میں "کانچ کا شہر" چھپا۔ اور اب ۱۹۷۹ء میں خیال اپنا چوتھا مجموعہ "قندِ ہند" لے کر اپنے قارئین کے سامنے آئے ہیں۔

اس مجموعہ میں دو نعتیں، ایک منقبت، [illegible] غزلیں اور [illegible] نظمیں ہیں۔

خیال بنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں اور پڑھتے بھی خوب ہیں۔ حیدرآباد میں آزادی کے بعد شاعروں کی جو نئی کھیپ سامنے آئی ہے، اس میں فیض الحسن خیال ایک ممتاز مقام رکھتے ہیں۔

۱۹۶۵ء اور ۱۹۷۱ء میں ملک جس کربناک دور سے گزر رہا ہے، یہی کرب اس مجموعہ کی

اکثر وبیشتر غزلوں کی تہ میں محسوس ہوتا ہے۔

ہر حرف آگ کا طوفاں ہے جہاں تک پہنچے
دیکھئے شہر کے حالات کہاں تک پہنچے

۶ سرخرو کون ہے اس دور میں قاتل کے سوا

اس مصرع پر غور کیجئے۔ قاتل کے ہاتھ سرخ ہوتے ہیں اور خون میں تو مقتول لتھڑا ہوتا ہے، لیکن ایک عجیب دور ہم پر مسلّط ہے۔ قاتل کو اب ایک معتبری حاصل ہوگئی ہے، وہ سماج میں "سرخرو" ہوگیا ہے، یہ تغیر کس قدر اذیت ناک ہے؟ سماج کے زوال اور انسان کی پستی کی طرف کتنا بلیغ اشارہ ہے!

اس دور میں انسان کی بے بسی دیکھئے:

چارہ گر بھی وہی، قاتل وہی، حاکم بھی وہی
کیسے فریاد مری نوکِ زباں تک پہنچے

جب چارہ گر و قاتل و حاکم ایک ہی فرد ہو تو کس سے فریاد کی جائے؟

اس شعر پر غور کیجئے:

دوستو! اپنے مکانوں سے نکل کر دیکھو
جس کے آنگن میں اجالا ہے پریشان ہے بہت

اجالا تو اندھیروں کے بعد بڑی خوش آئند ہوتا ہے، لیکن یہ کیسا اجالا ہے؟ کیسا گھر جگمگا رہا ہے؟ اور ان ہی شعلوں کی روشنی آنگن میں اجالا کر رہی ہے؟ کہیں یہ ان شعلوں کا اجالا تو نہیں جو پڑوس کا گھر جلنے سے اٹھ رہا ہے؟ یا پھر ایسا تو نہیں کہ پڑوس کے گھر کو جلانے کے بدلے کسی نے اپنے ہی گھر کو آگ لگا دی؟ غرض پریشان بہت ہے۔ اب یہ شعر دیکھئے:

نام لے کر کبھی مندر کا، کبھی مسجد کا
مشغلہ ڈھونڈ رہے ہیں ستم آرائی کا

اس موضوع کو اپنے دامن میں لیے ہوئے خلیل کی غزلوں میں متعدد شعر ملیں گے۔

ہر حرف آگ کی صورت ہے جہاں تک پہنچے
دیکھئے شہر کے حالات کہاں تک پہنچے

صبح دم جس کی شعاعوں میں تھا پیغامِ حیات
دوپہر کو اسی سورج نے جلایا ہے مجھے

لیکن خیال، یاس نہیں ہے، امید کی خوشی ہی اُسے جینے کا حوصلہ دیتی ہے ؎

نفرتوں کو جو ہے موسم وہ بدل جائے گا
وقت اب آ گیا قاتل تری پسپائی کا

زمانے کی ستم ظریفی دیکھئے ؎

ساحل کو قتل کرنے کی ہے سازش
سمندر پر بھی جو پیاسا کھڑا ہے

اور ملک میں ایسے بھی طبقات ہیں، جن کے دم سے یہ ملک آباد ہے۔ مزدوروں کی محنت، کسانوں کا عزم و استقلال اور اقلیتوں سمیت ہمارے سبھی عوام کی جدوجہد نے اس ملک کو بنایا، سجایا، آج وہی محروم ہیں، انہی کے ساتھ انصاف نہیں۔ لیکن مصلحت دیکھئے، انہیں بڑے ہی خوبصورت نام دیے ہیں ؎

جس کو مٹی بھی میسر نہیں میخانے کی
اس کو پھر کس لیے مے خوار یہاں کہتے ہیں

اور پھر ہم ہیں کہ ہر کس و ناکس کے پیچھے چل پڑتے ہیں ؎

ایک دو جام کی توفیق نہیں ہوتی جسے
ایسے ہر شخص کو ہم پیرِ مغاں کہتے ہیں

پھر یہ شعر ؎

جتنے قدآور تھے وہ بونوں کی صف میں آ گئے
گونگے لوگوں کا ہے کیسا حشر تو دیکھئے

اور یہ شعر

آج مے خانے میں ہر سمت سے پتھر آئے
کس کو فرزانہ کہا کس کو دِوانہ کہیے

"زندگی کی آزمائش ہے" وہ کہاں جائے گی؟

صلیبوں پر سجے گی یہ چمن میں
یہی تو زندگی سے پوچھنا ہے

اِن اشعار پر غور فرمایئے ؏

رِند سارے محفل میں خالی جام بیٹھے ہیں
شہر میں خیالِ آب کے تشنگی کا موسم ہے

بجھ گیا ہوں میں لیکن شہر تیرا روشن ہے
بے چراغ محفل کی آبرو مرا غم ہے

تب پرندوں کی اڑانوں کا ہمیں آیا خیال
جب پرندے اڑ گئے گلشن کے سارے دیکھیے

نئی بہار نے پیرہن قدم جماتے ہی
چمن میں پیرہنِ گل کو تار تار کیے

کام آیا ہے چراغوں کی طرح جلنا
ہم سے مانوس ہوا جاتا ہے پروانہ کیوں

میں قارئین کی توجہ خاص طور پر اس شعر کی طرف مبذول کرانا چاہوں گا ؏

شعورِ اہلِ خرد کے حدود دَیر و حرم
صلیب و دار سرِ سمت دیوانگی کے لیے

یہاں عادل نیّر خیالی، فکرِ اقبال سے اخذ کرتے ہیں۔ اقبال نے عقل و عشق کی آویزش پر بہت لکھا ہے اور ترجیح عشق کو دی ہے۔ عشق تو آتشِ نمرود میں دیوانہ وار کود پڑا، لیکن عقل محوِ تماشا

ہی رہی ۔ خیال بھی یہی کہتے ہیں ۔ ہاں خرد کے شعور نے نہیں دیر وحرم میں محصور رکھا اور عشق کے دیوانے پن نے اسے صلیبوں کی راہ دکھائی ۔

دکن سے خیال کو والہانہ محبت بھی ہے اور شاید اردو کے ناتے وادئ گنگ وجمن کے علاقے سے بھی ۔

چلے تو صبح بنارس رکے تو شامِ اودھ
بس اس کے بعد کا ہر راستہ دکن کے لیے

دکن سے بے پناہ عقیدت نے ان کو اس کی محبوب رت سے محروم کر دیا ۔
لیکن اس شعر کے مطابق خیال کی ہر راہ دکن کے دل خوش کن راستوں سے عبارت ہے ۔

راج بہادر گوڑ

حیدرآباد

۳ اپریل ۲۰۰۵ء

(راج بہادر گوڑ)

خیالؔ اور "قندِ ہند"

فیض الحسن خیالؔ کا شمار ہندوستان کے ان غزل گو شعرا میں کیا جا سکتا ہے، جن کے مجموعہ ہائے کلام، آزاد ہندوستان کی اُردو شاعری کے تدریجی ارتقا پر محیط ہیں۔

خیالؔ نہ صرف خوش فکر ہیں بلکہ خوش گو بھی ——— فنکار کے تعلق سے یہ بات کہی جاتی ہے کہ جیسے جیسے اُس کی عُمر میں اضافہ ہوتا رہے، ویسے ویسے اس کا فن جوان ہوتا جاتا ہے اِس لحاظ سے یہ دَور گویا خیالؔ کے فن کا عُنفوانِ شباب ہے۔ ان کے فن میں جو ارتقا ہوا ہے اسے ان کے مختلف مجموعہ ہائے کلام میں دیکھا جا سکتا ہے۔ گزشتہ ربع صدی میں ان کے تین مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ ان کا پہلا مجموعۂ کلام "موجِ صبا" ۱۹۶۵ء میں اشاعت پذیر ہوا ——— "موجِ صبا" پیشِ خیمہ ثابت ہوئی "صورِ آفتاب" کی۔ اسی وجہ سے ان کا دوسرا مجموعۂ کلام "صبح کا سورج" کے عُنوان سے منظرِ عام پر آیا۔ سورج کی روشنی کے بغیر "کانچ کا شہر" کس طرح جگمگا سکتا ہے، چنانچہ ان کا تیسرا مجموعہ "کانچ کا شہر" کہلایا۔

زیرِ نظر مجموعہ "قندِ ہند" ان کا چوتھا مجموعۂ کلام ہے۔ خیالؔ بُنیادی طور پر غزل کے شاعر ہیں۔ یہ دَور، قدیم اندازِ غزل گوئی کا نہیں ہے۔ کیونکہ موجودہ حالات نے "فکرِ جمیل" کو "خوابِ پریشاں" بنا دیا ہے۔ ایسے ہی حالات نے جگرؔ کو یہ کہنے پر مجبور کر دیا تھا کہ ؎

فکرِ جمیل خوابِ پریشاں ہے آج کل
شاعر نہیں ہے وہ جو غزل خواں ہے آج کل

لیکن "تنگنائے غزل" کی وسعتیں بھی قیامت کی ہیں، جس میں غالب جیسے نابغہ شاعر کی وسعت بیانی بھی آسانی سے سما جاتی ہے۔

حالی جو روایتی غزل گوئی سے نالاں تھے، غالب کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انھوں نے سب سے پہلے شعوری طور پر تنگنائے غزل کی پہنائیوں کا اندازہ لگایا اور اسی وجہ سے یہ مشورہ دیا کہ غزل میں ہر قسم کے خیالات کو پیش کرنا چاہیے۔

موجودہ زمانے میں فکرِ جمیل کو "خواب پریشاں" بننے سے اسی صورت میں بچایا جا سکتا ہے کہ عصرِ حاضر کے درد و آگہی کو بیگانۂ غزل میں حسن کارانہ انداز میں پیش کیا جائے۔ خیال کی غزل گوئی اسی حقّاعی کی ہو رہا ہے۔ یہاں خیال کی فکر و خیال کے شعری آئینہ پر پرکھا جائے تو بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ خیال نے اپنے عہد کے کرب و آگہی کو کس خوبی کے ساتھ پیش کیا ہے ؎

قدم قدم پہ ہیں سورج کے آئینے لیکن
ترس رہا ہے زمانہ کرن کرن کے لیے
گلاب گاتا رہا کل تک یہاں جو خیال
رسے ہیں خار اُسے اپنے پیرہن کے لیے

خیال کی شاعری میں صرف محبوب کی زلفِ گرہ گیر سے کھیلنا ہی نہیں ہے بلکہ اپنے عصر کا عکس اپنی پوری شعوری کوشش کے ساتھ جھلکتی ہے اور اسی لیے بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ خیال نے اپنے عصر کو اپنی شاعری میں فن کارانہ حسن کے ساتھ سمیٹ لیا ہے۔ جب ہی تو خیال کا آہنگ یہ کہہ جاتا ہے ؎

جس جگہ روز سسکتے ہیں حوادث کے چراغ
ایسے میخانے کو مقتل کے سوا کیا کہیے

تو خیال کے زمان و مکاں کے کرب ناک مناظر ہی نہیں بلکہ خیال کا تڑپتا دل بھی سامنے آ جاتا ہے، جو زمانے کی اس روش پر سخت سخت ہے اور انسانیت کے خون پر پردہ پڑا ہے۔ لہٰذا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس درد کا مداوا چاہتا ہے۔

وہ حق وصداقت کے خلاف ہو تو دور رہتا ہے، سننا بھی گوارہ نہیں کرتے تبھی تو انھوں نے اپنی داخلی حسیت کا گلا نہیں گھوٹا اور ظلمت کو نور کہنے پر کبھی آمادہ نہیں ہوئے ؎

وہ کہتے ہیں کہ قاتل کو مسیحا کہیے
کیسے ممکن ہے اندھیروں کو اجالا کہیے

زبان یقیناً قوت گویائی کا واحد ذریعہ ہے۔ لیکن کبھی کبھی جب یہ خاموشی اختیار کر لیتی ہے تو دوسرے اعضائے بدن مثلاً آنکھ وغیرہ یہ کام انجام دے جاتے ہیں، کیونکہ خیال نے "اشکِ رواں" سے جو کام لیا ہے وہ انھیں کا حصہ ہے۔ ان کی خاموشی پر ہزار نطق کو قربان کیا جا سکتا ہے۔ دیکھیے گلشن کی بربادی کی کیسی عبرتناک تصویر پیش کی ہے ؎

مجھ سے کیا پوچھتے ہو دوستو، روداد چمن
حال گلشن کا مرے اشکِ رواں کہتے ہیں

کہا جاتا ہے کہ شاعری میں حسیت بہت زیادہ ہوتی ہے اور یہی حسیت اس کے داخلی کرب کی علامت بن کر ابھرتی ہے۔ اس طرح شاعر بکھرتا ہے اور نکھرتا ہے اور یہی جلا اس شاعر کے لیے مقدرِ فکر بھی ہے اور آبِ حیات بھی۔

فکرِ خیال نے ایک اور موقع پر کتنی نازک حقیقت کو بے نقاب کیا ہے ؎

اپنے خون کا انصاف کس سے چاہتا ہے
مسیح وقت تو قاتل کے گھر میں بیٹھا ہے

خیال نے اپنے کلام میں نہ صرف اپنے عصر کی عکاسی کی ہے بلکہ قومی اتحاد بھی دیا ہے۔ چنانچہ ان کا یہ شعر ؎

نام لے کر کبھی مندر، کبھی مسجد کا لوگ
مشغلہ ڈھونڈ رہے ہیں ستم آرائی کا

خیال کے کلام میں شکوہ ان کی اس نیرنگیٔ خیال کا مظہر ہے جو انھیں ہندوستان کے صف کے شعراء کے مقابل لا کھڑا کر دیتا ہے۔ ایک جگہ یہی خیال یوں بیان ہو گئے ہیں ؎

دیا جس نے زمانے بھر کو دھوکا
بھلا اس کا زمانے میں ہوا ہے

ایک اور مقام پر ان کا مشاہدہ انھیں تڑپا کر رکھ دیتا ہے اور وہ چیخ اٹھتے ہیں ؎

آئینوں کے شہروں میں پتھروں کا موسم ہے — ہر گلی میں بستی کے قاتلوں کا پرچم ہے

کہیں کوئی کہ گلستاں میں سانس رکنے لگی — نہ جانے قافلۂ گل کہاں پہ ٹھہرا ہے

نظر ہے سب کی تبسم نواز چہروں پر — گزر رہی ہے جو ہم پر یہ کس نے دیکھا ہے

مذکورہ اشعار خیال کے متنوّع کلام کا صرف ایک رخ ہے، ایک پہلو ہے، ایک جھلک ہے۔

زیر نظر مجموعہ "قند ہند" خیال کی بے پناہ ریاضت، وسعت نظر اور فنی کمالات کی اس طرح عکاسی کرتا ہے کہ کسی طرح کی بھی حرف گیری مشکل دکھائی دیتی ہے۔ ایک اور خاص بات یہ ہے کہ ان کا یہ مجموعہ کلام بیک وقت و بیک جلد چار زبانوں میں بہت اچھے اور دلکش انداز میں منظر عام پر آ رہا ہے۔ اس طرح کا شعری مجموعہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس دور افتراق میں جبکہ زبان، رنگ، نسل، علاقہ اور مذہب کے بکھیڑے عام ہیں! خیال کی ایسی شعوری کوشش ہے جو کثرت میں وحدت کے نظریہ کو عام کرنا چاہتی ہے اور ختم ذات کی خلیج کو پاٹ کر پیار و محبت، ایثار و ہمدردی، اتفاق و اتحاد اور قومی یکجہتی کے جذبات کو عام کرنا چاہتی ہے تاکہ انسانیت پھر سے پروان چڑھے اور مقام حاصل کرے اور دنیائے ہند پھر وہ چمن زار بن جائے جس میں گوناگوں رنگ و بو کے پھول کھلتے ہیں، خوشبو مہکتی رہے، فضا پیار و محبت کا گہوارہ بن جائے۔ امید ہے کہ دوسرے شعرا کے لیے بھی یہ کوشش مشعل راہ ہوگی۔ مجھے امید ہے کہ خیال کے اشعار آئندہ بھی ــــ "آئینہ بن کے زمانے پہ نظر رکھیں گے"

یوسف سرمست
صدر شعبۂ اردو عثمانیہ یونیورسٹی

"کنعان"
روڈ نمبر ۳، بنجارہ ہلز، حیدرآباد ۳۴

غزل اور شعر

فیض الحسن خیال شہر حیدرآباد کے ایک خوش فکر و پختہ مشق سخنور ہیں۔ ان کا تخلیقی سفر موج صبا کے دوش پر شروع ہوا۔ وقت اور حالات کی سنگلاخ وادیوں، برف پوش کہساروں گنگناتے آبشاروں اور جاں بخش سبزہ زاروں سے گزرتا ہوا ان کا فن صبح کا سورج بن کر افق ادب پر طلوع ہوا۔ اس کے بعد ان کے اندر چھپے ہوئے فنکار نے اپنی آتش نفسی سے ریزہ ریزہ فکر و خیال کو سخن کے سانچے میں پگھلا کر کانچ کا شہر آباد کیا۔ اب وہ پوری حسن نیت کے ساتھ "قند ہند" کا خوان سجائے محفل سخن میں آئے ہیں۔ موج صبا سے قند ہند تک خیال کا ذہنی و فکری ارتقاء لطافت روشنی، نزاکت اور شیرینی سے عبارت ہے۔

خیال کے ہاں شاعری محض روایت سے نسبت اور فسانوی مشاہدات کا بیان ہی کا نام نہیں ہے بلکہ یہ کتاب دل کی تفسیر اور صحیفہ روح کی ترجمان ہے۔

سمجھ کے سوچ کے پڑھنا خیال دل کی کتاب
یہ شاعری ہے فسانوں کی یہ کتاب نہیں

جس کی شاداب تمنا بھی ہے گلزار بھی ہے
اس کا فن دوستو شعلہ بھی ہے تلوار بھی ہے

اقبال نے شاعر کو سماج کی آنکھ کہا ہے جو ایسی درد مند ہوتی ہے کہ جسم میں خواہ کہیں تکلیف ہو فوراً اشکبار ہو جاتی ہے۔ آنکھ کا یہ غم اس کا اپنا نہیں بلکہ سارے بدن کا غم اس کا اپنا ہے۔ یعنی ایک حساس اور باریک بین شاعر کا یہ غم ذات اور انفرادی جذبات کی سطح سے اونچا اور ارفع ہوتا ہے۔ زمانے کا سارا کرب اور وقت کا سارا غم و اندوہ اسکی شاعری میں سمٹ آتا ہے۔ ایلیٹ نے جب یہ کہا تھا کہ شاعری جذبات کے اظہار کا نام نہیں بلکہ جذبات سے فرار کا نام ہے تو اس کا عندیہ یہی تھا کہ

شاعری فرد واحد کی نہیں بلکہ اپنے وقت کی آواز بن جائے۔ وہ صرف فرد واحد کے جذبات کا آئینہ نہ ہو بلکہ اس میں روح عصر کی دھڑکنیں سنائی دیں۔ پیش نظر مجموعے کی ایک خاص خوبی یہی ہے کہ اس کے خالق نے اپنے فن کو ذاتی غم و آلام کی آلائش سے آلودہ نہیں کیا ہے بلکہ اپنے دور کے اجتماعی مسائل کے ابلاغ کا وسیلہ بنایا ہے۔ اس میں محرومی ذات اور غم جاناں کا ذکر آیا بھی ہے تو نہایت سلیقے اور تعمیم کے ساتھ زمانے کی نبض کے تاروں کو اپنے ساز دل سے ہم آہنگ کرنا، شائستگی دل کی صدا کو ساز عصر کی لے بنانا شاعری نہیں ساحری ہے۔ اور خیال اس راز سے خوب آشنا ہیں۔

خیال آزادی کے بعد کے دور سے تعلق رکھتے ہیں اس لئے ان کے کلام میں ان تمام مسائل و مصائب اور نشیب و فراز کا حوالہ ملتا ہے جس سے ملک کا ایک مخصوص طبقہ مسلسل دوچار رہا ہے۔ محرومی، پسماندگی اور پستی و نکبت کا شکار اس انسانی گروہ کے ساتھ دوہرا المیہ یہ ہے کہ یہی کبھی چمن کی تقدیر کو سنوارنے اور رونق گلستاں کو نکھارنے والا تھا۔ اس نے اپنے خون دل سے اس چمن کی ایک ایک کیاری سینچی تھی لیکن گردش وقت نے بہار کی رعنائیوں پر سے اس کا استحقاق چھین لیا۔ یہ دیکھ کر فنکار کا حساس قلب تڑپ اٹھتا ہے اور وہ بہار چمن رات اور شبستان کے ستمدیدوں کی روایتی زمین میں فکر و خیال کی تازگی اور نئی معنویت کے گہرے نقوش اس طرح مہکاتا ہے۔

نئی بہار نے پھر قدم جماتے ہیں
چمن میں پیرہن گل کو تار تار کیا
ہزاروں پھول کھلائے تھے جس نے گلشن میں
وہ اک کلی کے تبسم کو اب ترستا ہے

گرب   گ‌تارہا کی   تہ‌ک   یہاں جو خیال
ے   ہیں   خو‌راسے   پنے   پیرہن   کے   لئے

ردو صنف سخن میں غزل بڑی سخت ج ن و قع ہوئی ہے یہ کبھی مورد لز م رہی
ور کبھی مورد ند م ۔ بعضوں نے سے ۔ ئق گردن زدنی ٹھہر یا تو بعضوں نے آبروئے
تہذیب قرار دیا ۔ و قعہ یہ ہے کہ س میں تنی وسعت ور لچک موجود ہے کہ وہ ہر عہد
کے تقاضوں ور ہر نسل کے تخلیقی مز ج ور ہر دور کی خوشبو کے س تھ قدم بہ قدم چل
سکتی ہے ۔ رو یتی غزل گل و بلبل کے تذکروں ور لب و ع رض کی گفتگو سے عب رت
رہی لیکن قدیم دور کے س تذہ نے سے تصوف، تفلسف ور تغزل سے بھی ... ن کیا
ور تشنگی ئے غزل میں کم ل معنی آفرینی کے ذریعہ یک جہ ن معنی کی تخلیق کی ۔ پیش
نظر مجموعہ کی غزلوں کے فکری و فنی دھارے رو یتی ش عری کے سرچشمے سے ج ملتے ہیں
لیکن رو یت کی پ سد ری کے س تھ ش عر نے زب ن و بی ن کے کہنہ و فرسودہ س نچوں
ور پ ... ل موضوعات سے گریز کیا ہے ۔ ور آج کے نس ن کو در پیش مس ئل ور عصر
ح ضر کی زندگی کی پیچیدگیوں کو خب ر کے نئے س نچوں میں ڈھ لا ہے جس کی وجہ سے
ن غزلوں کا مط لعہ کرتے ہوئے یک نئی قسم کی فرحت ، ت زگی ور خوشگو ری
کا حس س ہوت ہے ۔ مثل ذیل کے شعر ملاحظہ ہوں ۔

پرندے   بھول   گئے   پنی   ش م   کی   پرو ز
تمہ ری   جلوہ   گری   کا   عجیب   منظر   ہے

قدم   قدم   پہ   ہیں   سورج   کے   آئینے   لیکن
ترس   رہے   زمانہ   کرن   کرن   کے   لئے

یہ   نظ م   چمن   ہے   کی   وبا   ہے   یارو
پھول   سے   چہرے   بھی   ب   جورِ خزاں   تک   پہنچے

مظلومیت اور بے بسی کی شدت اور ظلم و بربریت کی انتہا دیکھئے کہ مسیحِ وقت کی قاتل سے ساز باز ہے اور قاتل ہی مسندِ اقتدار پر فائز ہے کسے وہ کریں کس سے منصفی چاہیں۔

تو اپنے خون کا انصاف کس سے چاہتا ہے
مسیحِ وقت تو قاتل کے گھر میں بیٹھا ہے
چارہ گر بھی وہی قاتل وہی حاکم بھی وہی
کیسے فریاد مری نوکِ زباں تک پہنچے

زمانہ ہزار مخالف ہو مشکلات و شدائد کے طوفان کیوں نہ اٹھ رہے ہوں لیکن عزم و ثبات کا یہ عالم ہے کہ آشیانے کو بہر حال بچا رکھا ہے کیونکہ یہ نہ صرف وجود کی بقا کا ذریعہ ہے بلکہ شناخت کا وسیلہ بھی ہے

کتنی آندھیاں آئیں کتنے مرحلے آئے
دیکھئے سلامت ہے اب بھی آشیاں اپنا
ہم غمِ دوراں کی چوکھٹ پر کھڑے ہیں دوستو
پھر بھی لب پر ہے ہمارے شادمانی دیکھئے

اپنے وطن کی بات ہی کچھ اور ہوتی ہے اور سرزمینِ دکن تو بہر حال تمام علاقۂ ہند میں ایک امتیاز رکھتی ہے یہاں کی تہذیب تاریخ محبت اور عظمت اپنا جواب نہیں رکھتی ہے۔

اچھے تو صبحِ بنارس رہے، تو شامِ اودھ
بس اک نظر کے بعد کی ہر اک دکن کے لئے

غزل کی روایتی موضوعات کو حسن کی تازگی دینے کے علاوہ خیال نے بالکل

جدید لب و لہجے کے شعر بھی کہے ہیں۔ ان شعر میں عصری حسیت بھی پائی جاتی ہے۔ مسائل کا ادراک بھی ہے لیکن جدیدیت کا استعمال برائے ژولیدگی اور علامتوں کی تجرید نہیں ہے بلکہ آج کے انسان کے تجربات کو تخلیقی ہنرمندی کے ساتھ نئی لیکن واضح علامتوں اور شگفتہ اسلوب میں بیان کیا گیا ہے۔

ریگزاروں کا سفر تھا مری تنہائی کا
کوئی پودا بھی نہ تھا راہ میں شناسائی کا
صرف خوشبو تری آواز کی رخشندہ تھی
اک سمندر تھا ترے حسن کی رعنائی کا

رزق ان کے بال و پر ہیں روشنی ان کی اڑان
کتنی پیاری ہے پرندوں کی کہانی دیکھئے

تو موسموں کی طرح ہر نظر میں رہتا ہے
ترا وجود لباس سحر میں رہتا ہے

اڑان جتنی ہو اتنا ہی رزق ملتا ہے
ہواں بار و پر جو سمت تو کچھ ملا نہیں

اس خوبصورت مجموعے کی اشاعت پر میں ممتاز شاعر جناب فیض حسن خیال کو دلی تہنیت پیش کرتا ہوں۔

ڈاکٹر محمد نورالدین
صدر شعبہ اردو یونیورسٹی آف حیدرآباد

तु सदरे मम्लूकत है. मो .ब्बत का.
प्यार का
तु आईना है आ ेना. उल्फत का. प्यार
का
तू ्तबारे वफ । है. हर ्तेबार से
तेरा पयाम ोगा. सद -खत का.
प्यार का

"قند ہند" — ایک اہم ادبی سفر

از - ڈاکٹر رحمت یوسف زئی
ریڈر شعبہ اردو یونیورسٹی آف حیدرآباد

عرصہ ہوا، پٹنہ کالج میں تقریر کرتے ہوئے آل احمد سرور نے اردو ادب کو تہی مایہ کہا تھا۔ لیکن یہ اس وقت کی بات تھی جب آتش جوان بلکہ نوجوان تھا۔ اردو ادب نہ آزادی سے قبل تہی مایہ تھا نہ اس کے بعد تہی مایہ رہا۔ بلکہ پچھلی نصف صدی میں تو اردو کے سرمایہ میں کافی گرانقدر اضافے ہوئے ہیں۔ نئے تجربے ہوئے ہیں، اظہار کے اسالیب بدلے ہیں اور اصناف کے اعتبار سے بھی کئی تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں مگر ایک چیز جو ابتدائی دور سے آج تک اردو ادب پر حاوی ہے وہ ہے غزل، جس کا جادو سر چڑھ کر بولتا ہے۔

غزل کی اہم خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ اپنے عصر کی ترجمان ہوتی ہے۔ اس صنف میں اپنے عہد سے استفادہ کی بے پناہ صلاحیت ہے۔ اسی لئے چندر بھان برہمن سے لیکر اس عہد تک غزل یکساں طور پر مقبول رہی ہے۔ زمانے نے انداز بدل ڈالے تو اس میں تیکھا پن پیدا کیا اور کہیں کھردرا پن اس حد تک داخل ہو گیا کہ غزل کی لطافت بظاہر متاثر ہوئی۔ لیکن اس کھردرے پن میں بھی اگر خون جگر اور جذب دروں کی آمیزش ہوئی تو وہاں ایک کیفیت ابھری۔ رومانیت پسندی سے ترقی پسندی تک اور ترقی پسندی سے جدیدیت، وجودیت وغیرہ وغیرہ تک اردو شاعری نے جو سفر طے کیا اس کا جائزہ لیا جائے تو یہ اندازہ کرنا مشکل نہیں کہ روایت اور جدت کے امتزاج سے جو تخلیقات وجود میں آئیں ان کا کینوس کچھ اور ہی رہا۔ شعری مسلک چاہے

کچھ ہو، جذبہ کی شدت ہو تو احساسات کا سمندر موجزن نظر آتا ہے۔ ایسے شعرا جنہوں نے روایت پسندی کے باوجود جدت کو شعار بنایا، ان کے ہاں عصری آگہی کا کرب بھی کروٹیں لیتا نظر آتا ہے۔ ایسے ہی شعرا میں فیض حسن خیال کا نام بھی لیا جا سکتا ہے۔

فیض حسن خیال کوئی چالیس برس سے شعر کہہ رہے ہیں۔ ان کے اب تک تین مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ پہلا مجموعہ "موج صبا" ۱۹۷۵ء میں دوسرا مجموعہ ۱۹۷۷ء میں اور تیسرا مجموعہ "کانچ کا شہر" ۱۹۷۷ء میں شائع ہوا۔ زیر نظر مجموعہ فیض حسن خیال کا چوتھا مجموعہ ہے لیکن اس کی حیثیت بالکل مختلف ہے کیوں کہ اس میں فیض حسن خیال کی اردو شاعری کے ساتھ ساتھ اس کا انگریزی، تلگو اور ہندی میں ترجمہ بھی شامل ہے اور اس طرح فیض حسن خیال نے ایک نئی روایت کی بنیاد ڈالی ہے۔ ویسے تو اکثر شعرا کے کلام کے ترجمے دوسری زبانوں میں شائع ہوتے رہے ہیں لیکن بیک وقت تین زبانوں میں ترجمہ اصل کلام کے ساتھ شائع کرنے کی یہ بالکل پہلی مثال ہے اور اگر کوئی ہے تو میری نظر سے نہیں گذری۔

فیض حسن خیال نے چالیس سال قبل سے شعر کہنے شروع کئے تھے اور تب سے اب تک کئی نقادوں نے ان کے کلام پر اظہار رائے کیا ہے اور سب نے ایک بات ضرور کہی ہے کہ خیال کے ہاں خلوص کی ایسی گرمی ہے جو تجربہ کی آنچ میں جلنے کے بعد پیدا ہوتی ہے۔ خیال نے زندگی کے تجربات سے جو کچھ حاصل کیا اور محسوس کیا اس کو شعر کے سانچے میں ڈھال دیا۔ فیض حسن خیال نے انسان کی بے بضاعتی کو بھی محسوس کیا ہے اور انہیں انسان کی خلاقانہ صلاحیتوں کا بھی ادراک ہے۔ زندگی کی اخلاقی قدریں ان کی شاعری کا محور بنیں۔ سماج میں جب بھی ان قدروں سے صرف نظر کیا گیا تو ایسے گھاؤ پیدا ہوئے جن سے زندگی کا لہو رسنے لگا۔ خیال نے مختلف اصناف میں سخن آرائی کی ہے لیکن ان کے کلام کا غالب عنصر غزل ہے۔ انہوں نے نئے جذبات

اور رنگینیت کو غزل کے سانچے میں ڈھال کر شاعری کو فکر اور حسن سے مربوط کر دیا ہے۔

غزل کے علاوہ خیال نے حمد، نعت اور منقبت بھی کہی ہے "تندِ ہند" میں یہ سبھی چیزیں موجود ہیں۔ لیکن بنیادی حیثیت غزل کو حاصل ہے۔ خیال کے مترجمین نے ترجمہ کرتے ہوئے اس بات کو بھی پیشِ نظر رکھا ہے کہ اس انتخاب سے خیال کی شخصیت اور ادبی مقام کا کچھ حد تک ہی سہی تعین ہو سکے۔

سچی بات تو یہ ہے کہ صرف چند منتخب تخلیقات کو سامنے رکھ کر پوری ادبی شخصیت کو سمجھا نہیں جا سکتا اس کے لئے خیال کے تمام شعری سرمائے کو سامنے رکھنا ضروری ہے تاکہ خیال کے کلام، اسلوب اور شعری سفر کا جائزہ لیا جا سکے لیکن چونکہ مقصد صرف یہ ہے کہ مختلف زبانوں کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج کو کم کیا جائے اس لئے اس مجموعہ میں ایسی تخلیقات کا انتخاب کیا گیا ہے جن کا اردو ترجمہ ہو چکا تھا یا جنہیں مترجمین نے ترجمہ کرنے کے قابل سمجھا۔

فیض الحسن خیال نے جب شاعری شروع کی تھی تو ترقی پسند اور روایت پسندی کے درمیان ایک کشمکش سی ہو رہی تھی۔ روایت کے چاہنے والے ادب کے ترقی پسندانہ رجحانات سے ناخوش تھے۔ جبکہ ترقی پسندوں نے روایتی علائم اور اظہار کے سانچوں پر ضرب لگانی چاہی تھی۔ حیدرآباد کی شعری روایتوں میں یہ بات بہت اہم تھی کہ فن سے صرف نظر نہ کیا جائے۔ اور اسی لئے فیض الحسن خیال نے پہلے حضرت امجد عریضی سے اور پھر حضرت اوج یعقوبی سے مشورہ سخن کیا۔

خیال ایک باشعور شاعر ہیں۔ انکے ہاں اپنے عہد کے تجربے بھی ہیں اور اظہار میں عصری آگہی کا عنصر بھی موجود ہے۔ اگرچہ بیشتر انہوں نے سادہ زبان استعمال کی اور پیچیدہ تراکیب اور علائم سے گریز کرتے ہوئے عام فہم لب و لہجہ اختیار کیا۔ خیال

ان کی شاعری کا ذائقہ کچھ میٹھا کچھ تیکھا اور کچھ چبھتا ہوا سا ہے۔ ان کے ہاں گل و بلبل، آشیاں، گلستاں، چمن، بہار، صیاد وغیرہ جیسی روایتی علامتوں کے ساتھ آگ، کشکول، آنگن، پتھر، پرندے اور سمندر جیسی اچھوتی علامتیں بھی ہیں۔ اسی لئے ان کی شاعری میں رس بھی ہے اور زہر کا کڑواپن بھی۔ اور یہ دونوں چیزیں توازن کے ساتھ موجود ہیں۔ جذباتی، ذہنی اور تہذیبی کشمکش کی وجہ سے اردو ادب میں جو تموج اٹھ سکا عکس بھی فیض احسن خیال کے ہاں نظر آتا ہے۔ لیکن روایت کی پاسداری اور اسکے ساتھ ساتھ سچے تجربے کی اساس نے خیال کی شاعری پر کوئی مخصوص چھاپ نہیں لگنے دی۔ انہوں نے جس چیز کو محسوس کیا، اسے اپنی شاعری میں سمو دیا۔

سیاسی اعتبار سے ملک میں تبدیلیاں آتی رہی ہیں۔ حکومتیں بدلتی رہی ہیں۔ رہنما آتے اور جاتے رہے ہیں۔ سیاسی حالات بدلنے کے باوجود عام آدمی کو بھی کبھی کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکا۔ ایک عام آدمی کا حصہ یہی تھا کہ استبداد پر مبنی نظام میں کبھی کوئی تبدیلی نہیں آسکی ہے اور اسی لئے فرد کا دم گھٹ کر رہ جاتا ہے۔ ایسے ہی عام انسان کی نمائندگی کرتے ہوئے خیال کہتے ہیں۔

چارہ گر بھی وہی آقا وہی حاکم بھی وہی
کیسے فریاد، مری نوکِ زباں تک پہنچے

آج کے سیاسی نظام میں رہنماؤں نے نقابیں پہن رکھی ہیں۔ اور ان کے ساتھ ساتھ حکومت کی مشنری کے کل پرزے بھی نقاب پوش ہوگئے ہیں۔ بظاہر ان کے رکھوالے ہیں پسِ پردہ غارت گری کی پشت پناہی کرتے ہیں۔ خیال اسی بات کو یوں لکھتے ہیں۔

ہیں جن کے چہرے پر امن و اماں کی تحریریں
اسی کا دستِ ہنر آتشوں کے سر پر ہے

پٹرو ڈالر کے نتیجے میں ہندوستان میں جو انقلاب آیا اسے خیال نے بھی محسوس کیا ہے اس انقلاب کے روشن پہلو پر ان کی نظر پڑتی ہے بیروزگاری سے تنگ آئے ہوئے نوجوانوں نے جب ریت پھانکی تو، سونے کی بارش ہونے لگی، من و سلویٰ اترنے لگا۔ خیال ان تبدیلیوں کو یوں محسوس کرتے ہیں۔

رزق ان کے بال و پر میں ، روشنی ان کی اڑان
کتنی پیاری ہے پرندوں کی اڑان دیکھیئے

یہ چند مثالیں اس لیے پیش کی گئیں کہ خیال کے لہجے کا اندازہ ممکن ہو سکے۔ مثالیں اور بھی دی جا سکتی تھیں لیکن طوالت مانع ہے۔

خیال کی شاعری کا تجربہ کیا جائے تو یہ محسوس ہوتا ہے کہ ان کے لہجے میں سپاٹ پن نہیں، کھردرا پن نہیں بلکہ ایک کیف، لطافت اور شیرینی کے امتزاج کے ساتھ ساتھ خلوص کی شدت اور دردمندی بھی ہے۔ اسی لئے ان کی شاعری میں ایک دلنوازی پیدا ہو گئی ہے۔ یہی دلنوازی ہے جس کی وجہ سے خیال مشاعروں میں بہت مقبول رہے ہیں۔

”تنویر ہند“ کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اسے چار زبانوں میں پیش کیا گیا ہے بہت ممکن کا اندیشہ یہ کہہ بیٹھے کہ ”قند ہند“ کا انگریزی سے کیا تعلق، اس سلسلے میں یہ جواز دیا جا سکتا ہے کہ یہ انگریزی، ہندوستانی انگریزی ہے، جو آکسفورڈ اور کیمبرج کی زبان سے متاثر تو ہے لیکن اپنا ایک الگ شناخت بھی رکھتی ہے۔ اس کا لہجہ اور اپنا ہے۔ انگریزی کا ترجمہ پاول شاستری نے کیا ہے۔ ترجمہ کی بنیادی مشکل یہ ہے کہ کسی بھی زبان میں تخلیق کیے فن پارے میں کچھ ایسی خصوصیات ہوتی ہیں کہ ان سے اسی زبان میں لطف اندوز ہونا ممکن ہے۔ ان خصوصیات کا ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ خصوصاً ایسی زبان میں بہتر ترجمہ نہیں کیا جا سکتا جس کا تہذیبی ماحول بالکل مختلف ہو۔

مترجم تہذیبی روحوں میں یکسانیت ہو تو کچھ حد تک انصاف ممکن ہے۔ اور اس بات کا امکان پیدا ہو سکتا ہے کہ فن پارے میں پیش کی گئی نزاکتوں سے لطف اندوز ہو جا سکے۔ شری پی وی شاستری کے ترجمے میں یہ مشکل پیش آسکتی تھی۔ لیکن چونکہ شاستری جی ہندوستانی ہیں اور اردو بھی ایک ہندوستانی زبان ہے اس لئے اس زبان کے تہذیبی عوامل شاستری جی کے لئے نئے نہیں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے ترجمے میں اجنبیت کا احساس نہیں ہوتا۔ مترجم ترجمے میں "اپنائیت پن" کی ضرور جھلک نظر آتی ہے جس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ شاستری جی نے اقبال کا تفصیلی مطالعہ کیا ہے۔ اسکے باوجود شاستری جی نے چونکہ صرف متن کی روح تک پہنچ کر اور مقصود حاصل کیا ہے اسلئے ترجمہ مسخ نہیں ہو پایا۔ یہ اور بات ہے کہ اس ترجمے میں تخلیق کی سی شان پیدا ہو گئی ہے۔ ایک مثال پیش ہے۔ خیر رکھتے ہیں۔

آئینہ بن کے ترے شہر میں جب آؤں گا
ہر نئے ذہن کو نئی طرح چمکاؤں گا

اب ترجمہ ملاحظہ کیجئے۔

When I emerge as the blazing Mirror on Thy Scene
I shall bestow on every new heart the radiance of new lights

اس ترجمے میں ندرت ہے۔ بندش کی چستی کی اور نزاکت شعری کو پوری طرح ملحوظ رکھا گیا ہے۔ لفظی ترجمے میں یہ عیب ہوتا ہے کہ کبھی کبھی وہ گارڈن گارڈن بھی ہو جاتا ہے۔ شاستری جی کے ترجمے میں یہ بات نہیں۔ انہوں نے تخلیق کی روح کو اپنے اندر جذب کیا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ترجمے کے ماہرین کو یہ بات پسند نہ

آئے کیونکہ ترجمے کے ضمن میں جو مختلف نظریات کام کرتے ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ مترجم کو مصنف کے ذہن تک پہنچنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیئے بلکہ جو سامنے ہے اس پر اکتفا کرنا چاہیئے۔ ان کے خیال میں ایسی کوشش ایک نئی تخلیق کا سبب بن سکتی ہے۔ اس لئے اندرون ترجمہ ممکن نہیں ہو سکتا۔ لیکن کچھ سرپھرے مجھ جیسے مترجمین یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ترجمہ پھیکا اور میٹھا قسم کا ہو خصوصاً شعری تخلیقات کا ترجمہ، تو ایسے ترجمے سے بہتر یہ ہے کہ ترجمہ کیا ہی نہ جائے۔ شری شاستری جی مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ڈوب کر ترجمہ کیا ہے۔ اور اس طرح فیض کی شاعری کو انگریزی داں اصحاب تک پہنچانے میں معاون ثابت ہوئے ہیں۔

اس کتاب میں شامل تلگو ترجمہ ڈاکٹر خواجہ معین الدین کی کاوشوں کا نتیجہ ہے انہوں نے ترجمہ کرتے ہوئے اس بات کو ملحوظ رکھا ہے کہ فیض جو کچھ کہہ رہے ہیں، وہ جوں کا توں تلگو کے قالب میں پیش کر دیا جائے۔ اور چونکہ یہ ترجمہ ایک ہندوستانی زبان سے دوسری ہندوستانی زبان میں کیا گیا ہے اس لئے قاری کو اجنبیت کا احساس نہیں رہتا۔ یہ شعر دیکھیے۔

قدم قدم پہ ہیں سورج کے آئینے لیکن
ترس رہا ہے زمانہ کرن کرن کے لئے

అడుగడుగున సూర్యపుటద్దాలు ఉన్నవి కాని
అలమటించు చున్నది లోకం ఒక్కొక్క కిరణం కొరకు

اچھے ترجمے کی ایک اہم خصوصیت یہ بھی ہوتی ہے کہ اس میں شاعر یا فن کار کا جذبہ آمیزش کے بغیر پیش کیا جاتا ہے اور ڈاکٹر خواجہ معین الدین کے ترجمے میں یہ خصوصیت بدرجہ اتم موجود ہے۔

ہندی میں تغیر حسن خیال کا جو کلام پیش کیا گیا ہے، اسے ترجمہ کہنا مناسب نہیں۔ کیونکہ اس میں صرف رسم خط بدل دیا گیا ہے اور جو الفاظ قدرے مشکل محسوس ہوئے ان کے ہندی معنی لکھ دئے گئے ہیں تاکہ تفہیم میں دشواری نہ ہو۔ اگر معنی نہ دئے گئے ہوتے تو شاید وہ سارے مسائل درپیش ہوتے جن کا ذکر رسم خط کی تبدیلی کے ضمن میں کیا جاتا رہا ہے۔ اردو کا حسن اسی رسم خط کے ساتھ ہے۔ لیکن ایسے لوگ جو اردو رسم خط سے واقف نہیں ہیں ان کے لئے یہ طریقہ زیادہ موثر ہے۔ پھر بھی اس بات کا امکان ہے کہ اس کتاب میں شامل ہندی رسم خط میں تحریر کیا گیا خیال کا کلام اردو مزاج اور اردو تلفظ سے ناواقف فن کاروں نے گایا تو بوالعجبیاں سرزد ہو سکتی ہیں۔

خیال کے اس تازہ مجموعہ میں جو کلام ہے اس کی مقدار کم ہے لیکن کیفیت کے اعتبار سے کسی طرح کمتر نہیں کہا جاسکتا۔ خصوصاً جب اس کلام کو دیگر تین زبانوں میں بھی پیش کیا گیا ہو تو اس مجموعہ کی اہمیت اور بھی فزوں ہوجاتی ہے۔ کیونکہ اس واسطے سے خیال نے دوسری زبانوں کے اہل علم اصحاب اور اردو ادب کے شائقین تک اپنی بات پہنچائی ہے۔ اردو شاعری کے بارے میں غیر اردو داں حلقوں میں یہ غلط فہمی عام ہے کہ اس زبان کی ساری شاعری یا تو معشوق کی تعریف میں ہے یا پھر شراب کی توصیف میں۔ غزلیں گانے کے لئے گلوکار جب اردو غزلوں کا انتخاب کرتے ہیں تو وہ خاص طور پر ایسی غزلوں کو ڈھونڈتے ہیں جن میں یہ دو عناصر غالب طور پر موجود ہوں۔ اور پھر ان غزلوں کو سننے والے "نشکوتمیز" سرہلا کر داد دیتے ہیں۔ غزل کو "حمد" کہہ کر "قیامت" مچانے والے صرف اپنے آپ کو مہذب ثابت کرنے کے لئے اردو غزل سنتے ہیں اور گلوکار پر داد کے ڈونگرے برساتے ہوئے اتنے بے قابو ہوجاتے ہیں کہ خود ہی داد بھی بجاتے ہیں۔ کیونکہ وہ یہ نہیں جانتے کہ

شاعر کے کلام پر درد ہو جائے تو وہ ذرہ سے آفتاب بن جاتا ہے۔ اختیار کی شاعری
چاہے وہ انگریزی میں ترجمہ کی جائے۔ تلگو میں، پھر دیوناگری رسم خط میں لکھی جائے،
اپنے پڑھنے والوں پر یہ تو یقیناً روشن کر دیتی ہے کہ اردو شاعری صرف شراب اور
محبوب کی توصیف نہیں بلکہ اس میں مسائل حیات بھی ہیں، انسانی قدریں بھی ہیں،
زمانے کی چاپ بھی ہے اور حسیف پیرائے میں نشتر بھی ہیں۔ امید ہے کہ یہ مجموعہ
شائقین کے درمیان ہاتھوں ہاتھ لیا جائے گا۔

OOOOOO

پیش لفظ

دنیا کے ادب کی تاریخ میں یوں تو ہمیشہ تہذیبیں
مل جاتی ہیں کہ اقدار اشتراکِ زمانہ کے ساتھ مختلف انواع
اور اشتراک سے گلہائے ادب اور پھر ادیب پیدا ہوتے چلے گئے۔
مختلف تہذیبیں زبانوں کے عروج و زوال کے ساتھ
ابھریں اور مٹ گئیں لیکن ان کے نقوش آج بھی باقی ہیں اور
یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ مختلف زبانوں کے آئینہ میں جب
اور ایک زبان کے ادب کی دیگر زبانوں میں منتقلی کا عمل جب
جمود کا شکار ہو جاتا ہے تو پھر یہی زبانیں بتدریج اپنی عوامی
مقبولیت کھوتی چلی جاتی ہیں۔

جہاں تک اردو زبان اور اردو تہذیب کی بات ہے
تو اس کی روز افزوں ترقی اس کی وسیع المشربی اور اس کی وضعداری
ہی نے اس کے مزاج کو متعین کیا ہے اور یہی وہ ادب ہے جس نے
ہر خاص و عام سے قبولِ عام کی سند بھی پائی ہے۔

جب ہم اردو نظم و نثر اور تحقیق و تنقید کے ارتقائی
سفر پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ بات آج بھی بلا خوفِ تردید کہی
جا سکتی ہے کہ اردو زبان مقبولیت کی ان بلندیوں تک جا پہنچی
ہے جو اس کا حق تھا اور حق تو یہ بھی ہے کہ اردو تہذیب

اردو شاعری اور نثر کی نیرنگی کے سوتے نہ صرف ہنوز خشک
نہیں ہوئے بلکہ ہند کی صد سالہ تقسیم کے بعد بھی مختلف زبانوں کے
عروج میں اس زبان کا بھی نمایاں فروغ حصہ رہا ہے۔ موجودہ
ہند کی نوبہ نو زبانوں کے ہجوم میں بھی اردو آج ایک اہم
وسیلے کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہندی اور اردو ہر دو زبانیں
بجز رسم الخط کے کوئی علاحدگی یا دوری نہیں رکھتی تھیں حتی کہ ان دونوں کے
کئی زاویے بھی ایک جیسے تھے اور ایک ہی تمثیلات ہوتے جاتے اور ان
دو زبانوں کی تہذیبی رشتہ نہ ٹوٹ سکے اور چونکہ ادب اور ذوق
کی قدر مشترک ایسے عوامل تھے جن سے یگانگت رابطہ ہے۔
دراصل یہی وہ جوہر ہے جو ہندوستانی مدنی تہذیب کی
نشانی ممتاز رہے۔

ہندوستان اور ہمہ گیر رشتوں کو ہمیشہ اور محبت سے ہمکنار
کرنے اور وطنیت کے بھرپور جذبے کو ایک صحیح سمت میں
توانائی بخشنے کا ایک بہترین اور موثر ذریعہ یہ بھی ہو سکتا
ہے کہ ہندوستان کی مختلف زبانوں کے ادب کو ایک دوسرے
میں منتقل کیا جائے اور یہی عمل شاید ہی قومی یکجہتی
اور ایک دوسرے کے جذبات سکے۔ جتنا ہم ان کے ساتھ تھے
اردو زبان ان کے خصوصیات کو آج اور ان کے بولنے

بھائی چارے کی شائستہ ترجمانی مختصراً کرتی ہے۔
شاید یہ پہلا موقع ہے کہ "قندھند" بیک وقت
و بیک جلد چار زبانوں میں آپ کے سامنے ہے۔
امید ہے کہ ہمارے شائقین ادب، نقاد اور
دانشور خیال کی اس کوشش کو سراہیں گے اور پسند
فرمائیں گے۔

حیدرآباد۔

(نجمہ غزا)

مورخہ ۷ نومبر ۱۹۸۵ء

رُ دُ ؤ شعری ۔ کل ور آج

شہر تمن حیدر آب د پنی گنگ جمنی تہذیب کے لئے یک ع م میں مشہور رہ ہے ۔ یہ ں د وں کو دب پروری ور شت میں ملی ہے ۔ ز ب ن و دب کے سلسلہ میں س شہر کے شعر ، و دیب برسوں سے خدم ت نج م دیتے آ رہے ہیں ور پنی گنگ جمنی تہذیب کو پرو ن چڑھ رہے ہیں ۔

جن ب فیض حسن خی ل بھی سی بیہ ن ز شہر کے سپوت ہیں ۔ ن ک شم ر حیدر آب د کے ممت ز و معروف شعر ء میں ہوت ہے ۔ ت ریخی تمدن گولکنڈہ کے د من میں خی ل نے آنکھ کھول ، ظ ہر ہے کہ ... جس سرزمین پر نہوں نے آنکھ کھول وہ شعرو دب ک گہو رہ رہی ہے ۔ گوی خی ل نے پید ہوتے ہی شعرو سخن کی فض ء میں س نس لی ور یہی خوشبو لئے ن کے بچپنے رتق ء کی منزلیں طے کیں ۔

فیض حسن خی ل ک شم ر ترقی پسند ش عری کے پیش رو وں میں ہوت ہے ۔ ترقی پسند ش عری کے آغ ز و رتق ء سے لیکر جدید ردو ش عری تک جتنے بھی شعر ء ہیں ور ن کے کلام کی جو نم ی ں خصوصیت ہیں خی ل کے کلام میں یکج نظر آتی ہیں ۔

خی ل ۔

ز م نہ دوڑ رہ ہے کرن کرن کے لئے
حی ت چیخ رہی ہے ک نجمن کے لئے

قب ل ۔

نہ سمجھو گے تو مٹ ج ؤ گے ے ہندوست ں و لو
تمہ ری د ست ں تک بھی نہ ہوگی د ست نوں میں

قسلسل جاری ہے

ہو ں۔

بن آئیگا ہرگز نہ یوں کچھ کئے بن
جو کچھ کاٹنا ہے تو بونا پڑے گا

یہاں پر خیال کی شاعری ایک پیغام دے رہی ہے جس طرح قبال و حالی نے ساری امت کے لئے پیغام دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان والے اپنی کھوئی ہوئی عظمت کو دوبارہ حاصل کریں خیال کے اس شعر میں یہی مفہوم پنہاں ہے۔ خیال کہتے ہیں کہ۔

ڈرتا جتنی ہو اتنا ہی رزق ملتا ہے
ہوں بار اوپر جو سرمت تو کچھ ملال نہیں

اردو شعرا آغاز ہی سے سماجی پس منظر اور زندگی کے مختلف کوائف کی عکاسی کرتے آرہے ہیں۔ اور آج بھی حالات حاضرہ اور زمانہ کے تغیرات کی ترجمانی کرتے ہیں اور کسی بھی ان کی شاعری نیرنگی وقت اور حالات زمانہ کی آئینہ دار ہوگی۔
خیال آپ کا ہے موسموں کا دیوانہ
کسی کے لئے تو وہ پابند ماہ و سال نہیں
کس سے شکوہ کروں اب کون ہے سننے والا
آئینہ اپنے ہی ہاتھوں کو بنانا ہے مجھے
فیض الحسن خیال کے خیالات میں وسعت اور افکار میں گہرائی ہے۔ ان کی غزلوں میں صوری اعتبار سے بھی حسن و بانکپن ملتا ہے۔ انسانی زندگی سے گہری محبت نے ان کے یہاں ایک ایسی نغمگی پیدا کی ہے جس میں انسانیت کا سوز و گداز موجود ہے۔ خیال کے یہاں حیات انسانی کا جو گہرا احساس ہے اس نے ان کے آہنگ

میں حزنیہ کیفیت پید کردی ہے۔ ن کے شعر نئی معنویت کے حامل ہیں۔

چارہ گر بھی وہی ، قاتل وہی ، حاکم بھی وہی
کیسے فریاد مری نوک زباں تک پہنچے

مجھ سے کیا پوچھتے ہو دوستو روداد چمن
حال گلشن کا مرے شک رواں کہتے ہیں

بہار کیسی پریشان ہے چمن کے لئے
ہو جیسے کوئی غریب الوطن ، وطن کے لئے

شاعر کی آپ بیتی میں جگ بیتی ہوتی ہے۔ خیال کی غزلوں میں یک نیا آب و رنگ نظر آتا ہے۔ لفظوں میں نہوں نے نئی معنویت کی روح پھونکی ہے ور س کے ور ولبستہ میں یک نئے جمالیاتی شعور سے کام لیا ہے۔

خیال بیٹھے ہیں ہم سر جھکائے زانوں پر
زمانہ وہ ہے کہ جو پنا بوجھ ڈھوتا ہے

خیال کی غزلوں میں رمزیت، ملائیت، نغمگی، غنائی کیفیت، ترنم ور آہنگ سب میں یک جدت کا حساس ہوتا ہے اور یک نئی روایت بھرتی ہوئی نظر آتی ہے۔ ن کی غزلوں میں ن کے تجربات کے مجموعی اثر کی صدائے بازگشت سنائی دیتی ہے۔

یسے دیوانے کہاں ملتے ہیں بتاؤ خیال
جن کو تزئین چمن سازی کا رمان ہے بہت

ہاتھ کٹ جاتے ہیں س دور میں س کے خیال
جس نے سچائی گانے کی قسم کھائی ہے

خیال کے شعر میں جیسے نئے دور کی ساری کسک سمٹ کر یکجا ہو گئی ہے۔

سلطان جاوید ہاشمی

جیسے نئی نسل کی زندگی کا سارا گداز ان میں سرایت کر گیا ہے۔ اسی لئے تو ان کے شعر میں نئے تجربے، شعریت، ایمائیت، رمزیت، الفاظ کا صوتی آہنگ، زبان کی روانی، خیال کا تسلسل ان سب کے امتزاج سے پیدا ہونے والی ایک مجموعی فضا نے خیال کی غزلوں کی ہیئت کو جدت سے ہمکنار کیا۔

بہت سے لوگ ہیں ذہنی کشمکش کے شکار
جو قد کو ناپ رہا ہے وہ سب سے کمتر ہے

میں چراغِ سفر درد بھی بن جاؤں گا
بے زبان چہروں پہ ہنسنے کی ادا لاؤں گا

بات کچھ دن کی ہے موسم تو بدل جانے دے
تیری آنکھوں کے لئے خواب نئے لاؤں گا

میں لکھ رہا ہوں کہانی اسی کے غم کی خیال
شرارے جس کے پیامِ حیات ہوتے ہیں

اردو غزل میں ہیئت کے ان تجربات کا ارتقاء مسلسل رہا ہے۔ حالات کی تبدیلی اور حالات و تغیرات کے زیر اثر جب بھی مواد نے کوئی نئی صورت اختیار کی ہے نئے موضوعات پیدا ہوئے اور نئے افکار و خیالات وجود میں آئے تو غزل کی ہیئت بھی بدلی، اظہار و بیان کے طریقوں نے بھی نیا رنگ اختیار کیا۔ ولی بلکہ محمد قلی قطب شاہ کے وقت سے لیکر فیض، مجروح اور ناصر کاظمی تک غزل کی ہیئت نے بے شمار شکلیں بدلی ہیں۔ ان گنت روپ اختیار کئے ہیں۔ کیونکہ ہر زمانے کے جمالیاتی تقاضے مختلف رہے ہیں اور ان جمالیاتی تقاضوں کو بدلتے ہوئے حالات کے زیر اثر بدلتے ہوئے مزاج نے مختلف بنایا تھا۔

خیال نے

شہر کی خوشبو کو لے کر کیا پرندے اڑ گئے
آسمانوں پر بھی ہیں غم کے نظارے دیکھیے

فیض۔

دستِ صیاد بھی عاجز ہے کفِ گلچیں بھی
بوئے گل ٹھہری نہ بلبل کی زباں ہی ٹھہری

ایک زمانہ تھا کہ لوگوں کے خیال میں غزل نیم وحشی صنفِ سخن تھی اور زندگی کے ارتقا کا ساتھ نہیں دے سکتی تھی۔ لیکن آج بدلے ہوئے حالات نے غزل کو زندگی سے ہم آہنگ کر دیا ہے۔ چنانچہ آج اس کی طرف رغبت عام ہو رہی ہے، اس سے دلچسپی بڑھ رہی ہے کیونکہ تاریکیوں کے وہ بادل جو کم نگاہی کے باعث ذہنوں پر چھائے ہوئے تھے اب چھٹ چکے ہیں اور غزل کا آفتاب اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ زندگی کے افق پر جلوہ ریز نظر آتا ہے۔ یہ صورتِ حال غزل کے شاندار مستقبل پر دلالت کرتی ہے۔

خلیل۔

تم نے میخانے کے چہرہ پہ بھی کھینچی ہے لکیر
ہم نے صحرا بھی سجانے کی قسم کھائی ہے
آئینہ بن کے ترے شہر میں جب آؤں گا
ہر نئے ذہن کو تری طرح چمکاؤں گا

شاعرانہ صداقت یہاں داخلی کرب کی غمازی کرتی ہے۔ خلیل کے اس خیال میں کرب کی جو جھلک نمایاں ہے وہ کچھ اس طرح ہے۔

تسلسل جاری ہے

سمجھ کے سوچ کے پڑھئے خیں ل دنی کی کتب

یہ شعری ہے ، فسنوں کی یہ کتب نہیں

نسن فطری صور پر جذبت کا پیکر ہوت ہے وہ بہت سی خو ہشت پنے دل میں لئے عم طب وگی میں جیت ہے۔ مگر س کی سری خو ہشت شرمندہ معنیٰ نہیں ہو سکتیں۔ شعر پنی و ردت قلبی کا ظہر پنے کلم میں کرت ہے جو عم نسن کے بس کی بت نہیں ہوتی۔ ن کیفیت کو شعر یسے پر ثر ند ز میں پیش کرت ہے، جنہیں سننے پڑھنے کے بعد ہم متثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ ور یس محسوس ہوت ہے کہ کہیں یہ ہمری آپ بیتی تو نہیں۔ یہی شعری کی معرج ہے۔
خیں ل

عشق بھی نہ ں پنہ درد بھی نہ ں پنہ
حسن کی نگہوں میں قید ہے جہ ں پنہ

جگر

مجھ سے گئے ہیں عشق کی عظمت کو چر چند
خود حسن کو گوہ کئے جرہ ہوں میں

عظمت نسن کا وتار تقریبً ہر شعر کے ہں نظر آت ہے۔ غلب نے کہ ہے

بس کہ دشور ہے ہر کم کا آس ں ہون
آدمی کو بھی میسر نہیں نسں ہون

خیں ل نے یوں کہ ہے۔

یک نسن کو نسں ہی سمجھ سکت ہے
بت پھولوں کی ہے کیوں تیغ زبں تک پہنچے

گذشتہ دو سو برسوں میں میر سے لیکر حسرت و جگر تک رد و غزل کے سلوب میں

بر بر تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں۔ لیکن اس کی بنیادی حقیقت میں کوئی فرق نہیں ہوا۔ اس سے صاف طور پر یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ صنفِ سخن اپنی اصلی ہیئت کو برقرار رکھتے ہوئے مختلف حالات سے مطابقت کی صلاحیت رکھتی ہے جو اس کے جاندار ہونے کی دلیل ہے۔

غزل ہماری شاعری کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔ رشید صاحب نے اس کو اردو شاعری کی آبرو کہا ہے۔ ہماری تہذیب غزل میں اور غزل ہماری تہذیب میں ڈھلی ہے۔ دونوں کو سمت و رفتار رنگ و آہنگ اور وزن و وقار ایک دوسرے سے ملا ہے یہی سبب ہے کہ ہماری تہذیب کی روح غزل میں اور غزل کی روح ہماری تہذیب میں بے نقاب نظر آتی ہے۔

سرور صاحب نے ایک جگہ صنفِ غزل کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ "وہ بڑی کافر صنفِ سخن" ہے۔ یہ خیال اپنے اندر بڑی معنویت رکھتا ہے۔ صنفِ غزل کی جو بنیادی خصوصیات ہیں اس میں یکجا کر دی گئی ہیں۔ غزل میں ایک انداز دلبری اور طرز دلربائی ہے ۔۔۔۔ اس انداز دلبری اور طرز دلربائی سے اس نے ہر دور میں لوگوں کے دلوں کو لبھایا ہے ہر فرد پر اس کے یکساں اثرات ہوئے ہیں۔ عوام و خواص، غریب و امیر سب کے دامن دل کو اس نے ایک مخصوص انداز میں اپنی طرف کھینچا ہے صوفیوں کی محفلوں میں ہنگامے برپا کئے ہیں۔ رندوں اور قلندروں کو اس نے اپنا گرویدہ بنایا ہے۔ زاہدوں اور پاک بازوں کے دلوں میں محمل نشیں ہوئی ہے۔ غرض یہ کہ ہر فرد اس سے متاثر ہوا ہے۔ مخالفین تک اس کے اثر سے بچ نہیں سکے۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ غزل کے تاثر میں ایک ہمہ گیری ہے۔ ایسی ہمہ گیری جو قومی ذہانت و فطانت کے ہاتھوں وجود میں آتی ہے۔ خیال کہتے ہیں کہ

سلسلہ جاری ہے

خیں

غزں حیت ہے خوش فہمیوں ک خوب نہیں
غزں ہے وصں غزں تہمت شبب نہیں

صغر

صغر غزں میں چہیئے وہ موج زندگ
جو حسن ہے بتوں میں جو مستی شرب میں

ڈکٹر جونسن کہتے ہیں کہ شعر مقفیٰ نشر ہے یہ یسہ فن ہے جو تعقل ور تخیں ک مدد سے انبسط ک پیوند صدقت کے سٹھ لگتہ ہے ۔ یک فرسی شعر کہتے ہیں کہ

"شعری جزدیست ز پیغمبری"

بیسویں صدی میں یوں تو بے شمر غزں گو شعر ہیں ور عصری رجحنت کے ثرت کسی نہ کسی صورت میں ن سب کے ہں ملتے ہیں ۔ حسرت، یس، یگنہ، ثر، فنی، جگر ور فرق سب ک غزلوں میں ن رجحنت ک جھلک نظرتی ہے ۔ ن شعر ک غزلوں نے س رویت میں عصریت کا رنگ بھر ہے ۔ غزلوں کے عصری رجحنت نہیں کے مرہون منت رہے ہیں ۔

غزں کے جدید ہنگ نے صنف غزں کے ن تقضوں کو پور کیہ ہے ۔ خصوصً زبن کے ستعمں میں بتعدگ ستھر پن، لطفت، فصحت، نفست و پختگی ور رچو ک ک خصوصیت س میں نمیں ہیں ور سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ زبن کے ستعمں میں جدید غزں نے بڑ نکھر پید کیہ ہے ۔ س میں بڑی رچی ہوئی کیفیت ملتی ہے علی سرد جعفری، فیض، مجز، نصر، بشیر بدر، شد تمکنت، رشد قمر، صلاح الدین نیر، غیث متین رئیس اختر ور رحمن جمی سب کے یہں زبن کے ستعمں ک یہ شعور نظرتہ ہے ۔ ور نہیں کہ ہتھوں جدید غزں میں جمیتی پہلو ک نشو نم ہوتی ہے ۔

غزں ور تغزں لزم و ملزوم ہیں غزں جسم ہے ور تغزں س ک روح! غزں

میں تغزب نہ ہو تو غزں بقی نہیں رہتی۔ تغزب ہی کے ہتھوں غزں میں موج زندگی ، و نہ ہوتی ہے۔ خیاں نے کیا خوب کہ ہے۔

حرف ور لفظ کی خوشبو ہے تر پیر ہن
تری خوشبو کا ترا نہ ہی سنا نا ہے مجھے

غزں ور س کے عمبرد روں نے پنے پنے ز نے ور حوں کے تقضوں کو پور کرنے کی کوشش کی ہے۔ یک مخصوص سمجی پس منظر ور اس کے تہذیبی ور معشرتی تقضے ہمیشہ ن کے پیش نظر رہے ہیں۔ مختلف غزں گو شعرا بھی س میں دخں ہیں۔ شعر کی شخصیت بڑی حد تک حوں کے ثر سے بنتی ہے۔ حت کے شعور پر بھی س کا نحصر رہتا ہے۔ ہر دور کا حوں دوسرے دور کے حوں سے کسی نہ کسی حد تک مختلف ہوتا ہے ور س حوں کے ثرت شعر کی شخصیت پر مختلف زویوں سے پڑتے ہیں۔ فن سی شخصیت کا عکس ہوتا ہے۔ س لئے شخصیت کی یہ رنگرنگی فن میں پتا ثر دکھتی ہے۔ شخصیت کی رنگرنگی کے زیر ثر فن کی رنگرنگی صنف غزں کی بھی ایک نمیاں خصوصیت ہے۔

تسلسل جاری ہے

خیاں ۔

۱

چہرہ گر بھی وہی تیتن وہی ، حکم بھی وہی
کیسے بفریاد مری نوک زبان تک پہنچے
تو پنے خون ک نصف کسن سے چاہتا ہے
مسیحہ وقت تو قتل کے گھر میں بیٹھا ہے
وگ حیت چمن پوچھنے آئے ہیں ہمارے خیر ر
پنے چہرہ کو ہر ک شخص کا چہرہ کہئیے
تجھ سے ملنے کا جسے شوق ہے رہاں ہے بہت

آئنہ ہتھوں میں لیکر وہ پریشاں ہے بہت
خموشیوں ک زہر بھی پینا پڑا ہمیں
میںوں کی حل شہرکا منظر سنائے گا
اس کو پڑھو ور اس کی نگاہوں کو چوم لو
ہم سب کا حل زور سخنور سنائے گا

OOOOOOOOOO

تبسم جاوید ہاشمی

شعرِ دیب کے جذبت کو بر نگیختہ کرنے و ے محرکات گرد و پیش ک جس
دنیہ میں پ ئے جتے ہیں ور یہ محرکات خود س سمجی ور قتصد دی نظ م ک پید و ر
ہوتے ہیں جو نس نی زندگی ک شیر زہ بندی کرتے ہیں - س لئے علیٰ شعر یہ دیب
یک فرد نہیں بہ پوری جمعت کا ترجم ن ہوت ہے - خیی ں نے کیا خوب کہ ہے -

ہر محہ فن کے آئنے چمکئیے جتب
صدیوں سے کہہ رہ ہے یہ شعر و سخن ک رنگ

پھر خیی ں کہتے ہیں کہ

جتنے قد آور تھے وہ بونوں ک صف میں آگئے
گونگے لوگوں ک ہے کیسی حکمر نی دیکھئے

حی ں:

کیا پوچھتے ہو کیونکر سب نکتہ چیں ہوئے چپ
سب کچھ کہ نہوں نے پر ہم نے دم نہ مار

خمار:

جو بارش کو خطر میں ۔ تہ نہ تھ
وہ ونچ مکاں رستہ ہوگیا

خیی ں کہتے ہیں -

تو ہر ک شئے میں نہاں ور عیاں رہتا ہے
لیکن ب تک تری ہم ذ ت سے بیگ نے ہیں

صغر:

جلوہ تر ب تک ہے نہاں چشم بشر سے
ہر یک نے دیکھ ہے تجھے پنی نظر سے

شعر کہتا ہے کہ فطرت کی ہر شئے سے خدا تعالیٰ کی ذات پاک عیاں ہے پھر بھی

ہم اس کی ذاتِ مقدس کے دیدار سے قاصر ہیں۔

خلیلؔ

سارے جہاں میں دھوم مچی دو خلیلؔ اب
اردو زبان بن گئی ہے علم و فن کا رنگ

داغؔ

اردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغؔ
ہندوستاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے

جگن ناتھ آزاد

ریاضِ ہند میں اردو بھی اک خوش رنگ پودا ہے
جسے خونِ جگر سے ہندو اور مسلم نے سینچا ہے

مذکورہ اشعار میں اردو کی تعریف و توصیف کی گئی ہے۔ اردو زبان نے شعور دیا، شعار دیا، آدابِ مجلس سکھائے، اخلاق حب الوطنی، اتحادِ انسانیت اور رواداری کا پیغام دیا، ملک کی جمہوریت، سالمیت اور آزادی کو مستحکم کیا۔

خلیلؔ کہتے ہیں۔

ہم فقیرانہ صدا دے کے چلے جائیں گے
ہم فقیروں کے لئے آپ کا کاشانہ کیوں

میرؔ

فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

غالبؔ:

بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ
تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

نیرنگیٔ زمانہ ور حسہ ر شکست نے شعر ء دہلی کے لب و لہجہ پر بھی ثر ڈ ۔
ن کے لہجوں میں یک خاص تسم کی پسپ ئی کی کیفیت معلوم ہوتی ہے۔ غم دور ں ور
درد ۔دو بھی شاعری کے جدید آہنگ کی خصوصیت ہیں جو آج کے شعر ء کے ہ ں بھی
نظر آتی ہیں۔ رخیم ر کے شعر میں بھی یہی مفہوم پنہ ں ہے۔

بھیگی پلکوں کے سو تم نے دیہ ہی کیہ ہے
دوستو دیکھو تو یہ بھی ہے س مان حیات

میر

آنکھوں سے جو پوچھ ح ل دل کا
ک بوند ٹپک پڑی ہو کی

آتش

فرقت ی ر میں رورو کے بسر کرتا ہوں
زندگانی مجھے کیا دی ہے مصیبت دی ہے

شعر کثر پنے کلام میں پنے دور کے ح لات قلمبند کرتے ہیں ور وہ جن جن
ح لات کا س منا کرتے ہیں ن کو پنی شاعری میں پیش کرتے ہیں۔ شعر دہلی نے مشکل
حالات کا س منا کیا س لئے ن کے کلام میں پسپ ئیت جھلکتی ہے۔ دوسری طرف شاعر
پنے محبوب کی بے وف ئی کا ظہ ر کر رہ ہے کہ س نے پنے عاشق کو صرف تکالیف ور
ذلتیں ہی دی ہیں۔ لیکن عاشق نے ن ذلتوں کو پنی زندگی کا سرمایہ بن لیا ہے س طرح پر
حسن کی بے بسی کو بتایا گیا ہے۔ رخیم ن صاحب کا مذکورہ شعر بھی آج کے حالات
کی ترجمانی کرتا ہے۔

سلسلہ جاری ہے

فاصلے ہی بہتر ہیں قربتوں کی محفل سے
دیکھنا ہے کب ہوگا دشمن آسماں اپنا

غالب

ہم کہاں کے دانا تھے کس ہنر میں یکتا تھے
بے سبب ہوا غالب دشمن آسماں اپنا

حالی

یوں بے سبب زمانہ پھرتا نہیں کسی سے
اے آسماں کچھ اس میں تیرا بھی ہے اشارہ

شاعر نے اس شعر میں زمانے کے تغیرات کو پیش کیا ہے اور کہتے ہیں کہ دنیا میں ظلم و زیادتی حد سے بڑھ جائے تو دنیا میں مختلف قسم کے تغیرات رونما ہوتے ہیں۔ دوسری طرف شاعر کہتا ہے کہ زمانے کے تغیرات میں خدا تعالیٰ کی مصلحت بھی شامل ہوتی ہے اس لئے کچھ حد تک یہ تغیرات آسمانی بھی ہوتے ہیں۔

خیال

نظر تو سب کی ہے ان ظاہری جلووں پر
کسے خبر ہے کہ کیا کیا سحر میں رہتا ہے

اصغر

اللہ رے دیوانگی شوق کا عالم
کس رقصاں میں ہر ذرہ سحر نظر آیا

جگر

ہستی جسے کہتے ہیں کہ سادہ حقیقت ہے
رنگینی نگاہوں نے رنگین بنا ڈالا

فانی

کس نے اسے دیکھا ہے اے حسرت نظارہ
انداز تو دیوانہ ہے دیوانے کو کیا کہیے

